Music :- Hansraj Behl

این۔ سی۔ فلمز کا شاہکار

چنگیز خاں

اداکاران

پریم ناتھ۔ بینا رائے۔ جانی واکر۔ تیواری۔ جیون

شیخ مختار وغیرہ۔ ہیلن۔

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری چنگیز کا نام سنتے ہی آج بھی اس خونخوار آدمی کی تصویر آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ اس نے دنیا کو فتح کرنے کی تمنا میں لاکھوں انسانوں کا خون بہایا۔ وہ لفظ رحم کے معنی نہیں جانتا تھا۔ اور وہ زبان کی بجائے تلوار سے بات کرتا تھا۔

آگے پردۂ فلم پر دیکھیں.....

گانے
چنگیز خاں کے

گانا نمبر ۱

یار الیا یار الیا رے لے

حسن جواں عشق جواں جھوم رہے ہیں دونوں جہاں
زندگی ہے تیرے لئے پیچھے تو مزہ سے لے

یار الیا...

شوخ ادائیں تجھ کو بلائیں
کس کو خبر رات یہ پھر آئے نہ آئے
تو ہی بتا دل ہے وہ کیا
دل سے جو نہ کھیلے صنم۔ دل سے جو نہ کھیلے

یار الیا...

ہم بھی حسیں ہیں ہم بھی جواں ہیں
یہ دیکھو میرے خریدار کہاں ہیں
تیری قسم مر گئے ہم رہ گئے اکیلے صنم

دِل سے جو نہ کھیلے ——— یار الیہ....
چاند ستارے بکھرے ہوئے ہیں
جلوے جیسے چاروں طرف بکھرے ہوئے ہیں
جس پہ فدا دِل ہے تیرا
اُس کا نام لے لے صنم
اُس کا نام لے لے ——— یار الیہ....

گانا نمبر ۲

او۔ رُک جا رُک جا۔ لوٹ کے آنا ہوگا
آہیں بھر بھر ہم کو منانا ہوگا
ہم نے کیا ہے ایسا جادو
رہ نہ سکے گا ہم سے جُدا تو
او۔ رُک جا......
جاؤ جی جاؤ ہاتھ چھڑا کے
باؤں پکڑو گے اِک دن آکے
اجی کبھی تو ہمارا بھی زمانہ ہوگا
آئے گا کوئی ہم کو منانے ——— او رُک جا...
ہم بھی کریں گے لاکھ بہانے
کہاں لوٹے جمود کا ٹھکانہ ہوگا
او رُک جا...

گانا نمبر ۳

یہ ہو کر رہے گا یہ ہونا لکھا ہے۔

ہائے میرے مقدر میں رونا لکھا ہے۔

نہ منگنی منگیتر نہ شادی نہ گانا
نہ دم محبت نہ ہم نہیں لڑانا
نہ زندوں میں دلکو پیرونا لکھا ہے
ہائے میرے مقدر.....

حسینوں اکیلا ہوں مجھکو بچاؤ
ارے ظالموں خوف مالک کا کھاؤ
میرا دل تمہارا کھلونا لکھا ہے
ہائے میرے مقدر....

کوئی میرا پیچھے نہیں نام لے گا
کوئی ابّا کہہ کے نہ آواز دے گا
میری نسل کو بند ہونا لکھا ہے
ہائے میرے مقدر...

گانا نمبر ۱۲
محمد رفیع

کھول آنکھیں اپنی خواب ناز سے
جاگ میرے پیار کی آواز سے
زندگی بیتاب ہے تیرے لئے
آ گلے لگ جا اسی انداز سے
محبت زندہ رہتی ہے، محبت مر نہیں سکتی
ارے انسان کیا یہ تو خدا سے ڈر نہیں سکتی
یہ کہہ دو موت سے جا کر کہ اک دیوانہ کہتا ہے

میری روح تڑپ مجھ سے پہلے مر نہیں سکتی
چلی آ دُ میری جان تمنا تخیل میں
تو مجھ سے دور ہو الفت گوارا کر نہیں سکتی

گانا نمبر ۵

جب رات نہیں کٹتی۔ اِک رات نہیں کٹتی
زندگی کیسے کٹے گی
جو آگ لگی دل میں اشکوں نے بجھائی ہے
اشکوں نے جو بھڑکائی آگ وہ کیسے بجھے گی
جب رات نہیں....
دے دے کے ہمیں آنسو یہ دنیا خوشی مانگے
جو شاخ سے ٹوٹی ہو کلی وہ کیسے کھلے گی
جب رات نہیں....
اے درد ذرا دم لے مرنے کی دوا کر لوں
گر ہم نہ مٹے اے دل موت پھر کیسے مٹے گی
جب رات نہیں..

گانا نمبر ۶

سمرقند کے، یارقند کے، تاشقند کے، قاسقند کے
تحفے ہیں پرنور، تحفے ہیں پرنور، تحفے ہیں پرنور
چبالو، چبالو، چبالو، چبالو
یہ بلخ بخارے کی بلبل
یہ کوہ قاف کا آلہ گل

یونان سے آیا ہے صندل
ہم لائی ہیں لائی ہیں لائی ہیں صندل
یہ ہند سے آئی ہے ململ
اسے پہن کر بن جائیگی تو جنت کی حور
تو جنت کی حور تو جنت کی حور
نامنظور ۔ نامنظور ۔ نامنظور
مجھے لادو میرے محبوب
چنبیلی....
یہ نیل کی وادی کا تحفہ
سلطان عرب کا یہ شاہی تحفہ
طہران کا یہ شاہی تحفہ
ہم لائی ہیں ، لائی ہیں لائی ہیں تحفے
یہ چین کی ریشم کا تحفہ
ان تحفوں کو اپنی نظر سے کیوں کرتی ہو دور
کیوں کرتی ہو دور ، کیوں کرتی ہو دور
نامنظور ۔ نامنظور ، نامنظور
مجھے لادو میرا محبوب
چنبیلی ، چنبیلی..

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ، امریکہ، جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل، کریم، پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور تجربہ کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ قیمت صرف ۰۱۰ 3 محصولڈاک معاف

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے خمیرہ تمباکو، بیڑی، سگریٹ، سگار، سرتی، زردہ، نسوار، مصالحی دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور نسخے، طریقے درج ہیں۔
قیمت صرف ۰۱۰ ۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(الہ آباد لا پریس دہلی)